سوال

(71) نفسیاتی پریشانی سے چھٹکارے کے لیے گنڈہ لٹکانا

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کیا میرے لیے جائز ہے کہ کوئی گنڈہ وغیرہ لٹکالوں، کیونکہ مجھے نفسیاتی پریشانیاں درپش ہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

تمیمے (گنڈے، حرام تعویذ) لٹکانا قطعا جائز نہیں ہے۔ کیونکہ ان کی ممانعت آئی ہے۔ البتہ قرآنی آیات سے یا مسنون دعاؤں سے دم کیا جائے، کثرت سے ذکر الٰہی کیا جائے، صالح اعمال اپنائے جائیں، شیطان کے شر سے اللہ کی پناہ طلب کی جائے، گناہ اور گناہ پسند لوگوں سے کنارہ کشی کی جائے، تو اس طرح سے انسان کو راحت، اطمینان اور باسعادت زندگی نصیب ہوتی ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 125

محدث فتویٰ